فاطمۃ الزہرا
بضعة مني فمن أغضبها أغضبني
ایامِ فاطمیہ 01
عبادت میں خلوص کے فوائد
حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا نے فرمایا
مَنْ أَصْعَدَ إِلَى اللهِ خَالِصَ عِبَادَتِهِ أَهْبَطَ اللهُ عَزَّوَ جَلَّ إِلَيْهِ أَفْضَلَ مَصْلَحَتِهِ
جو شخص اپنی خالص عبادت خداوند متعال کی بارگاہ میں پیش کرتا ہے (اور صرف اسکی رضا کے لئے عمل کرتا ہے)
خدا بھی اپنی بہترین مصلحتیں اس پر نازل فرما کر اس کے حق میں قرار دیتا ہے۔ (بحار الانوار جلد ۶۷ ص ۲۴۹)
@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat
المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

فاطمۃ الزہرا
بضعۃ منی فمن اغضبہا اغضبنی
ایامِ فاطمیہ 02
آلِ محمدؐ کی محبت پہ مرنا شہادت ہے
حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا نے فرمایا
ألا مَنْ ماتَ علی حُبِّ آلِ مُحَمَّد ماتَ شَهِيداً
آگاہ رہو! جو شخص آلِ محمدؑ کی محبت پہ مرا وہ شہید مرا ہے۔
(عوالم العلوم، ج ۲۱، ص ۳۵۳)
@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat
المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

فاطمة
الزہرا
بضعة مني فمن أغضبها أغضبني
03
ایامِ فاطمیہ
علی علیہ السلام کا محب، سعادتمند و خوشبخت ہے
حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا نے فرمایا
أَنَّ السَّعِيدَ كُلَّ السَّعِيدِ حَقَّ السَّعِيدِ مَنْ أَحَبَّ عَلِيّاً فِي حَيَاتِهِ وَ بَعْدَ مَوْتِه
بے شک حقیقی اور کامل ترین سعادتمند شخص وہ ہے جو امام علی علیہ السلام سے آپ علیہ السلام کی
حیات میں اور بعد از حیات، محبت رکھے۔ (شرح نہج البلاغہ، ج ۲، ص ۴۴۹)
@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat
المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

فاطمۃ الزہرا
بضعۃ منی فمن أغضبها أغضبنی
04
ایامِ فاطمیہ
آلِ محمدؑ کا تعارف
حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا نے فرمایا
نَحنُ وَسیلَتُهُ فی خَلقِهِ، ونَحنُ خاصَّتُهُ، ومَحَلُّ قُدسِهِ، ونَحنُ حُجَّتُهُ فی غَیبِهِ، ونَحنُ وَرَثَةُ أنبیائِهِ
ہم اہل بیت رسولؐ، خدا کے ساتھ مخلوقات کے ارتباط کا وسیلہ ہیں؛ ہم خدا کی برگزیدہ ہستیاں ہیں اور
اس کی پاکیزگی کے اعلیٰ مقام کا مظہر ہیں، ہم خدا کی روشن دلیلیں ہیں اور انبیاء اللہ کے وارث ہیں۔
(شرح نہج البلاغہ، ج ۱۶، ص ۲۱۱)
@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat
المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

فاطمۃ الزھرا
بضعۃ منی فمن أغضبھا أغضبنی
ایامِ فاطمیہ
05
بہترین اور قابلِ قدر ترین افراد
خِيارُكُم أليَنُكُم مَناكِبَةَ، وأكرَمُهُم لِنسائِهِم
تم میں سے بہترین وہ ہے جو لوگوں کا سامنا کرتے وقت زیادہ نرم اور زیادہ مہربان ہو اور تم میں سے
قابلِ قدر ترین مرد وہ ہیں جو اپنی بیویوں کے ساتھ زیادہ مہربان اور زیادہ بخشنے والے ہوں۔
(کنز العمال، ج: ۷، ص ۲۲۵)
@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat
المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

فاطمة
الزہرا
بضعة مني فمن أغضبها أغضبني
ایامِ فاطمیہ 06
مومنین کے لئے پسندیدہ چیزیں
تمہاری دنیا سے مجھے تین چیزیں پسند ہیں:
(۱) تلاوت قرآن
(۲) رسول خدا (ص) کے چہرہ مبارک کی طرف دیکھنا
(۳) خدا کی راہ میں انفاق وخیرات کرنا۔
(وقایع الایام خیابانی، ص ۲۹۵)
@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat
المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

فاطمۃ الزہرا
بضعۃ منی فمن أغضبہا أغضبنی
07
ایامِ فاطمیہ
اہل بیتؑ کی اطاعت و امامت کے فوائد
فجعل اللہ۔۔۔۔ طَاعَتَنَا نِظَاماً لِلْمِلَّةِ، وَإِمَامَتَنَا أَمَاناً مِنَ الْفُرْقَةِ
خدا نے ہم اہل بیتؑ کی اطاعت و پیروی کو اُمت اسلامی کیلئے نظام قرار دیا ہے اور
ہماری امامت و رہبری کو اتحاد و یکجہتی کا سبب اور تفرقے سے امان قرار دیا ہے۔
(بحار الانوار، ج ۴۳، ص ۱۵۸)
@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat
المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

فاطمۃ الزہرا
بضعۃ منی فمن أغضبہا أغضبنی
08
ایامِ فاطمیہ
ایمان اور نماز کے فوائد
خدائے تعالی نے ایمان کو تمہارے لئے شرک سے پاکیزگی کا سبب قرار دیا اور
نماز کو تکبر اور خود خواہی اور خود پرستی سے دوری کا عامل قرار دیا ہے۔
(احتجاج طبرسی، ج ا ص ۲۵۸)
@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat
المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

فاطمة
الزہرا
بضعة مني فمن أغضبها أغضبني
ایامِ فاطمیہ
09
امام کی مثال کعبہ کی ہے
امام، کعبہ کی مانند ہے لوگوں کو امام کی جانب جانا اور رجوع کرنا پڑتا ہے جبکہ امام کسی کے پاس نہیں جاتا (لوگوں کو امام کی خدمت میں حاضر ہونا پڑتا ہے چنانچہ امام کے اپنے پاس آنے کی توقع نہیں کرنی چاہئے)۔
(بحارالانوار، ج ۳۶ ص ۳۵۳)
@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat
المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

فاطمۃ الزہرا
بضعۃ منی فمن أغضبہا أغضبنی
10
ایامِ فاطمیہ
صبر و جہاد کے ثمرات
فجعل اللہ۔۔۔ الجِهَادَ عِزّاً لِلإِسْلَامِ، وَ الصَّبْرَ مَعُونَةً عَلَى اسْتِيجَابِ الأَجْرِ
خداوند متعال نے جہاد کو اسلام کی عزت و ہیبت کا سبب اور صبر و استقامت کو حق تعالیٰ کے انعام و جزا کے استحقاق کا باعث قرار دیا ہے۔
(احتجاج طبرسی، ج ۱، ص ۲۵۸)
@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat
المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

فاطمۃ الزہرا
بضعة مني فمن أغضبها أغضبني
11
ایام فاطمیہ
ایمان وعدل کے ثمرات
فَفَرَضَ اللہ الایمانَ تطهیرا مِنَ الشِّرکِ وَ العَدلَ تَسکینا لِلقُلوبِ
خداوند متعال نے ایمان کو شرک سے پاکیزگی کے لئے واجب کیا اور ...
عدل وانصاف کو قلوب کی تسکین کے لئے۔
(من لایحضرہ الفقیہ، ج ۳، ص ۵۶۸)
@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat
المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

فاطمة الزهرا
بضعة مني فمن أغضبها أغضبني
ایامِ فاطمیہ 12
امام علی علیہ السلام کا تعارف
وَهُوَ الإمامُ الرّبّانی، وَالْهَيْكَلُ النُّورانی،
قُطْبُ الأقْطابِ، وَسُلالَةُ الأطْیابِ، النّاطِقُ بِالصَّوابِ، نُقْطَةُ دائِرَةِ الإمامَةِ
علی ابن ابی طالب علیہ السلام الٰہی پیشوا، نور اور روشنی کا پیکر، تمام موجودات اور عارفین کا مرکز توجہ اور
طاہرین وطیبین کے خاندان کے پاک وطیب فرزند ہیں؛ حق بولنے والے متکلم ہیں، اور ہدایت
دینے والے راہنما ہیں؛ وہ امامت وقیادت کا مرکز ومحور ہیں۔ (ریاحین الشریعہ: ج۱، ص۹۳)
@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat
المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

فاطمۃ الزہرا
بضعة مني فمن أغضبها أغضبني
ایام فاطمیہ
13
محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و علی علیہ السلام اُمّت کے باپ
أَبَوا هٰذِهِ الاُمَّةِ مُحَمَّدٌ وَ عَلِيٌّ، يُقيمانِ أَوَدَّهُمْ، وَ يُنْقِذانِ مِنَ الْعَذابِ الدّائِمِ إِنْ أَطاعُوهُما، وَ يُبيحانِهِمُ النَّعيمَ الدّائمِ إِنْ وافَقُوهُما۔
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی علیہ السلام دونوں، اس امت کے باپ ہیں اور اگر اہلِ اُمّت انکی پیروی کریں تو وہ (دو باپ) ہرگز انہیں دنیاوی انحرافات کا شکار نہیں ہونے دیں گے اور انہیں آخرت کے دائمی عذاب سے نجات دیں گے اور انہیں جنت کی فراوان نعمتوں سے بہرمند کردیں گے۔
(بحارالانوار؛ ج ۲۳، ۲۵۹، ح ۸)
@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat
المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

فاطمۃ الزہرا
بضعۃ منی فمن أغضبها أغضبنی
ایامِ فاطمیہ 14
شیعیانِ اہل بیتؑ کے حق میں سیدہ سلام اللہ علیہا کی دُعا
إلهی وَ سَیِّدی، أسئَلُكَ بِالَّذینَ اصْطَفَیْتَهُمْ،
وَ بِبُكاءِ وَلَدَیَّ فی مُفارِقَتی أَنْ تَغْفِرَ لِعُصاةِ شیعَتی، وَشیعَةِ ذُرِّیتی
خداوندا! تیرے برگزیدہ (منتخب) اولیاء اور مقربین کے صدقے اور تجھے میری شہادت کے بعد میری جدائی میں میرے بچوں کے گریہ و بکاء کے واسطے، التجاء کرتی ہوں کہ تو میرے اور میری اولاد کے گنہگار شیعوں کے گناہ بخش دے۔ (کوکب الدّری: ج ۱، ص ۲۵۴)
@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat
المہدی ادارہ تربیت اسلامی آئی ایس او پاکستان